# سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ 2001
# SINDH ORDINANCE NO.V OF 2001
# سندھ خانگی طبی تعلیم کے ادارے (انتظام اور ضوابط) آرڈیننس، 2001
# THE SINDH PRIVATE MEDICAL EDUCATION INSTITUTIONS (REGULATION AND CONTROL) ORDINANCE, 2001

## (CONTENTS) فہرست


(Preamble) تمہید
(Sections) دفعات
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. تعریف
Definitions
3. اتھارٹی کی تشکیل
Constitution of the Authority
4. پہلے موجود ادارے کا قیام یا جاری رکھنے سے منع
Prohibition against establishing or continuing an existing institution
5. ادارہ قائم کرنا یا جاری رکھنےکی اجازت
Permission of establishing or continuing an institution
6. دریافت کرنا اور اتھارٹی کی طرف سے سفارش
Enquirer by and recommendation of the Authority
7. اسکیم کی منظوری یا رد کرنا
Approval or disapproval of the scheme
8. رجسٹریشن سرٹیفکیٹ
Registration Certificate
9. خانگی ادارے کا قیام اور جاری رکھنا

Establishment and continuance of private institution
.10 نئی تدریس یا تربیت کے کورس کی شروعات
Opening of new Course of Study or Training
.11 سرٹیفکیٹ کی معطلی یا رد کرنا
Suspension or cancellation of Certificate
.12 اپیل
Appeal
.13 جرمانہ
Penalty
.14 جرم پر دائرہ اختیار
Cognizance of Offence
.15 اثرانداز ہونا
Overriding effect
.16 ضمانت
Indemnity
.17 قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

# سندھ آرڈیننس نمبر V مجریہ 2001
# SINDH ORDINANCE NO.V OF 2001

# سندھ خانگی طبی تعلیم کے ادارے (انتظام اور ضوابط) آرڈیننس، 2001
# THE SINDH PRIVATE MEDICAL EDUCATION INSTITUTIONS (REGULATION AND CONTROL) ORDINANCE, 2001

[20 جنوری 2001]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبے کے خانگی شعبے میں کچھ اداروں کے انتظام اور ضوابط کو یقینی بنایا جائے گا۔

جیسا کہ سندھ صوبے کے خانگی شعبے میں طبی تعلیم دینے والے کچھ اداروں کے انتظام اور ضوابط کو یقینی بنانا ضروری ہوگیا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پرووینزنل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پرووینزنل کانسٹیٹوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پرووینزنل کانسٹیٹویشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس کو بنا کر نافذ فرماتا ہے:

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ خانگی طبعی تعلیم کے ادارے (انتظام اور ضوابط) آرڈیننس، 2001 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

تعریف
Definitions

2. اس آرڈیننس میں جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے متضاد نہ ہو۔
تب تک:

(a) ”اتھارٹی“ سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائی گئی میڈیکل ایجوکیشن انسٹیٹیوشنز اتھارٹی؛

(b) ”حکومت“ سے مراد سندھ حکومت؛

(c) ”ادارہ“ سے مراد کوئی پرائیویٹ ادارہ کسی بھی نام سے ہو، جو طبی تعلیم دے رہا ہو؛

(d) ”طبی تعلیم“ سے مراد کسی ہیلتھ سائنس یا شعبے میں ڈگری، ڈپلومہ، یا سرٹیفکیٹ کے لئے طبی تعلیم؛

اتھارٹی کی تشکیل
Constitution of the Authority

(e) ”بیان کیا گیا“ سے مراد قواعد کے مطابق بیان کیا گیا؛

(f) ”رجسٹریشن اتھارٹی“ سے مراد اس آرڈیننس کے تحت حکومت کی طرف سے مقرر کردہ کوئی عملدار؛

(g) ”قواعد“ سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد؛

(h) ”اسکیم“ سے مراد ایک اسکیم جیسا کہ بیان کی گئی ہو۔ ایک ادارے کے جاری رکھنے کے قیام یا اس آرڈیننس کے تحت رجسٹر ہوئے ادارے میں تدریس یا تربیت کے نئے کورس شامل کرنے کی اجازت حاصل کرنے کے لئے ہو؛

3.(1) حکومت ایک اتھارٹی قائم کرے گی جس کو میڈیکل ایجوکیشن انسٹیٹوشنس اتھارٹی کہا جائے گا۔

(2) اتھارٹی چیئرمین پر مشتمل ہوگی جسے حکومت کی طرف سے مقرر کیا جائے گا اور مندرجہ ذیل میمبر اس میں شامل ہونگے:

پیشگی سے موجود ادارے کا قیام یا جاری رکھنے سے منع
Prohibition against establishing or continuing an existing institution

ادارہ قائم کرنا یا جاری رکھنےکی اجازت
Permission of establishing or continuing an institution

(a) سندھ صحت کھاتے کا سیکریٹری یا اس کی طرف سے نامزد کیا گیا جو ایڈیشنل سیکریٹری کے رتبے سے کم نہ ہو؛

(b) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کائونسل کا ایک نمائندہ یا متعلقہ ایکریڈیٹشن باڈی جسے حکومت کی طرف سے مقرر کیا جائے؛

(c) پبلک یونیورسٹی کے دو نمائندے؛

(d) میڈیکل فیکلٹی سے منسلک اسکیم کے سلسلے میں پاکستان میڈیکل ایسوسیئشن کا ایک نمائندہ؛

(e) ڈینٹل فیکلٹی سے منسلک اسکیم کے سلسلے میں پاکستان میڈیکل ایسوسیئشن کا ایک نمائندہ؛

(f) حکومت کی طرف سے طبی شعبے سے متعلقہ دو نامور افراد نامزد کئے جائیں گے۔

4.کوئی بھی ادارہ اس آرڈیننس کی گنجائش کےبغیر قائم یا جاری نہیں رکھا جائے گا۔

| | |
|---|---|
| 5.(1) اگر کوئی شخص دلچسپی رکھتا ہو:<br>(a) ادارہ قائم کرنے میں<br>(b) پہلے سے قائم شدہ ادارے چلانے میں۔<br>(c) اس آرڈیننس کے تحت ادارے میں مطالعے کا کیا نصاب شامل کرنے یا داخلے کی وسعت بڑھانا۔<br>(2) اسکیم کے ملنے پر حکومت اتھارٹی کوکہہ سکتی ہے یا اسکیم میں بیان کئے گئے معاملات کی جانچ کر سکتی ہے اور سفارشات کے ساتھ اپنی رپورٹ حکومت کی طرف بھیج سکتی ہے۔<br>(3) اگر اتھارٹی کے خیال میں اسکیم میں نقص ہے یا زائد معلومات یا مطلوب کاغذات کی ضرورت ہے تو اتھارٹی متعلقہ شخص کو نقص درست کرنے کے لئے طلب کر سکتی ہے۔ یا جیسا معاملہ ہو۔ مطلوبہ معلومات یا کاغذات طلب کر سکتی ہے۔ | طلب کرنے اور اتھارٹی کی طرف سے سفارش<br>Enquirer by and recommendation of the Authority |
| 6. جہاں اسکیم مکمل ہے، اتھارٹی ایسی جانچ کرنے کے بعد جیسا وہ مناسب سمجھے مندرجہ ذیل معاملات کو نظر میں رکھتے ہوئےاپنی سفارشات حکومت کو بھیجے گی:<br>(a) کہ کیا تجویز کیا گیا پیشگی موجود ادارہ اپنے قیام جاری رکھنا چاہتا ہے، جیسا معاملہ ہو وہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کائونسل یا کسی دوسرے متعلقہ ایکریڈیشن بادی کی طرف سے بیان کئے گئے کم از کم معیار کی طبی تعلیم دینے کی حالت میں ہوئے؛<br>(b) کیا ایسے ادارے کے پاس اچھے طریقے سے کام کرنے اور تسلیم شدہ معیار کے مطابق تدریس اور تربیت کے کورس چلانے کے لئے مالی وسائل ہیں؛<br>(c) کیا اسپتال کی سہولیات ایسے ادارے میں پڑھنے والے شاگرد وں کی تعداد کے حساب سے یا تدریس یا تربیت کے کورس کے حوالے سے اسکیم میں بیان کئے گئے وقت کے دوراں مہیا کی جائیں گی؛<br>(d) کیا بیان کی گئی قابلیت رکھنے والا تدریسی عملا مہیا کیا گیا ہے یا اسکیم میں بیان کردہ وقت کے دوراں مہیا کیا جائے گا؛ | اسکیم کی منظوری یا رد کرنا<br>Approval or disapproval of the scheme<br><br>رجسٹریشن سرٹیفکیٹ<br>Registration Certificate |

(e) کیا عملہ، آلات، رہائش اور دوسری سہولیات سمیت ضروری سہولیات ادارے کو بہتر نمونے کام کرنے کے لئے مہیا کیا جائے گا۔ یا تدریس اور تربیت کے نئے کورس کی حوصلہ افزائی کا زیادہ داخلہ کی گنجائش کو سنبھالنے کی قوت ہوگی یا اسکیم میں بیان کردہ وقت کے دوراں مہیا کی جائے گی؛

(f) کوئی دوسرا معاملہ، جو ضروری ہو یا بیان کیا گیا ہو۔

خانگی ادارے کا قیام اور جاری رکھنا
Establishment and continuance of private institution

7.(1) حکومت اسکیم پر غور کرنے کے بعد اور اتھارٹی کی سفارشات پر اور حاصل کرنے کے بعد جہاں ضروری ہو ایسے دوسرے تفصیل اور ایسی جانچ کرانے کے بعد جیسا کہ متعلقہ شخص سے ضروری سمجھے حکم کے ذریعے ایسی شرائط کی منظوری دینا جیسا وہ ضروری سمجھے یا اسکیم کو نامنظور کرے:

نئی تدریس یا تربیت کے کورس کی شروعات
Opening of new Course of Study or Training

بشرطیکہ کوئی بھی اسکیم تب تک نامنظور نہیں کی جائے گی جب تک متعلقہ شخص کو سننے کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت حکم کی نقل رجسٹریشن اتھارٹی کوآگاہ کرنے کے بعد متعلقہ شخص کو دی جائے گی۔

(3) جہاں اسکیم کی منظوری نہیں دی گئی اسکیم کے ساتھ جمع کیا گیا فنڈ کا پچاس فیصد متعلقہ شخص کو واپس کیا جائے گا۔

سرٹیفکیٹ کی معطلی یا رد کرنا
Suspension or cancellation of Certificate

8. (1) جہاں کوئی اسکیم قائم کرنی ہے یا کوئی ادارہ جاری رکھنے کی منظوری مل چکی ہے رجسٹریشن اتھارٹی بیان کئے گئے طریقہ کار میں ادارے کو رجسٹر کرے گی اور دفعہ 7 کے تحت جاری کئے گئے حکم میں بیان کی گئی شرائط کے مطابق سرٹیفکیٹ جاری کرے گی۔

(2) وہ شخص جس کو سرٹیکفیٹ جاری کیا گیا ہے وہ اس آرڈیننس کی گنجائش قواعد اور سرٹیکفیٹ کی شرائط اور ضوابط پر عمل درآمد کا پابند ہوگا۔

اپیل

Appeal

9. (1) ادارہ جو اس آرڈیننس کے لاگوہونے سے پہلے موجود نہ ہو، وہ تب ہی قائم ہو سکتا ہے جب دفعہ 7 کے تحت سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے۔

(2) ادارہ جو پہلے سے موجود ہو، جس سلسلے میں اس آرڈیننس کے لاگو کے نوے دن کے اندر اسکیم دی گئی ہو۔ وہ اسکیم کے ختم ہونے تک کام جاری رکھ سکتا ہے لیکن اگر اسکیم منظور نہ کی جاتی تو وہ فوری طور پر کام بند کرے گا۔

جرمانہ
Penalty

(3) پہلے سے موجود ادارہ جس سلسلے میں کوئی اسکیم اس آرڈیننس کے لاگو ہونے کے نوے دن کے اندر جمع نہیں کرائی گئی۔ وہ عرصہ پورا ہونے کے بعد جاری نہیں رکھ پائے گا۔

جرم پر دائرہ اختیار
Cognizance of Offence

10. جہاں کسی ادارے کی تدریس اور تربیت کے نئے کورسز کھولنے کی اجازت دی گئی ہے یا ان کے داخلہ کی گنجائش بڑھانے کی اجازت دی گئی ہے تو ادارے اس سلسلے میں تب تک کوئی قدم نہیں لے گا جب تک رجسٹریشن اتھارٹی ادارے کی جانچ پڑتال کرے اور خود کو مطلوبہ ضروریات کے مطابق مطمئن نہ کرے اور داخلہ کی شرائط اور تدریس کے کورسز بشمول تربیت کے مکمل نہ ہوں، جس میں ناکام ہونے پر اجازت ختم کی جائے گی۔

اثرانداز ہونا
Overriding effect

ضمانت
Indemnity

قواعد بنانے کا اختیار
Power to make rules

11. جہاں رجسٹریشن اتھارٹی شکایت ملنے پر یا دوسری صورت میں، ایسی جانچ پڑتال یا پوچھ گاچھ کرنے کے بعد جیسا وہ مناسب سمجھے مطئمن ہے تو یہاں اس آرڈیننس کی کسی بھی گنجائش یا قواعد یا سرٹیفکیٹ کی شرائط اور ضوابط کی خلاف ورزی ہوئی ہے، تو وہ تحریری حکم کے ذریعے سرٹیفکیٹ کو معطل یا رد کر سکتی ہے۔

بشرطیکہ اگر نقص درستگی کے لائق ہے تو متعلقہ شخص کو اسے درست کرنے کے لئے کہا جا سکتا ہے۔ اور جہاں وہ نقص بیان کئے گئے وقت کے دوراں درست کیا جاتا ہے تو سرٹیفکیٹ رد نہیں کیا

جائے گا۔
بشرطیکہ مزید برآں کہ سرٹیفکیٹ متعلقہ افراد کو سننے کا موقعہ دینے کے سواء معطل یا رد نہیں کیا جائے گا۔

12. اگر حکومت کوئی اسکیم نامنظور کرتی ہے یا رجسٹریشن اتھارٹی کوئی سرٹیکفیٹ معطل یا رد کرتی ہے تو متعلقہ شخص یا سرٹیفکیٹ رکھنے والا جو حکومت یا رجسٹریشن اتھارٹی کے حکم سے متاثر ہوا ہا۔ وہ ایسے حکم کی تاریخ سے تیس دن کے اندر حکومت کو نظرثانی کی پٹیشن یا اپیل داخل کرسکتا ہے، جیسا معاملہ ہو اور حکومت کی طرف سے جاری کیا گیا حکم حتمی ہوگا اور رجسٹریشن اتھارٹی کی طرف سے اس پر فوری طور پر عمل کیا جائے گا۔

13. جو بھی رجسٹریشن کے علاوہ ادارہ چلاتا ہے تو اسے قید کی سزا دی جائے گی۔ جسے ایک سال تک بڑھایا جا سکتا ہے یا جرمانہ جو پچاس ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ۔

14.کسی بھی عدالت کو اس آرڈیننس کے تحت کسی بھی جرم کاروائی کا دائرہ اختیار نہ ہوگا جب تک رجسٹریشن اتھارٹی یا اس سلسلے میں اس کی طرف سے مجاز عملدار کی طرف سے اس سلسلے میں شکایت داخل کی جائے۔

15. اس آرڈیننس کی گنجائشیں لاگو ہوگی جب تک کچھ وقتی طور لاگو کسی قانون یا کسی معاہدے کی دستاویز ، تنظیم کے متن، ڈیڈ یا کسی ادارے کے دوسری دستاویز کے متضاد نہ ہوں۔

16. کوئی بھی مقدمہ یا قانونی کاروائی اس آرڈیننس کے تحت اچھی نیت سے کئے گئے کسی کام یا کسی کام کے ارادے پر حکومت، اتھارٹی، رجسٹریشن اتھارٹی یا کسی دوسرے شخص کے خلاف نہیں

ہونگے۔
17. حکومت اس آرڈیننس کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**